
# مشكوٰة المصابيح

# mishkāt-ul-masābih

With

**Arabic Text**



Scanned with CamScanner

M T W T F S مشکوٰۃ المصابیح Date: __/__/____

# کتاب الایمان + العلم

س1۔ حدیث کی روشنی میں اسلام کی تعریف بتائیں؟

ج۔ اسلام :-
یہ کہ گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو، رمضان کے روزے رکھو اور بیت اللہ کا حج کرو اگر وہاں تک پہنچنے کی استطاعت رکھتے ہو۔

س2۔ ایمان کسے کہتے ہیں؟

ج۔ ایمان :-
کہ تو اللہ اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور آخرت کے دن پر ایمان لانا اور اچھی بری تقدیر کو ماننا۔

س3۔ احسان کسے کہتے ہیں؟

ج۔ احسان :-
اللہ کی عبادت ایسا کرنا جیسے اسے دیکھ رہے ہو اگر یہ نہ ہو سکے تو یہ خیال کرو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

س4۔ حدیث جبرائیل کے اندر قیامت کی کون کون سی نشانیاں ذکر ہوئیں؟

ج۔ (i) لونڈی اپنے مالک کو جنے گی۔ (ii) تم ننگے پاؤں، ننگے بدن والے فقیروں، بکریوں کے چرواہوں کو محلوں میں فخر کرتے دیکھو گے۔

س5۔ حدیث کی روشنی میں مسلمان کی تعریف بتائیں، نیز مومن کسے کہتے ہیں؟

ج۔ مسلمان وہ ہے کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔ مومن وہ ہے کہ جس سے لوگ اپنے خون و مال میں مطمئن رہیں۔

س6۔ ایسی خصلتیں بتائیں کہ جن کے حاصل کرنے سے بندہ ایمان کی لذت حاصل کرے گا؟

ج۔ تین خصلتیں جس میں ہوں تو وہ ایمان کی لذت پالے گا۔
(i) اللہ اور اس کے رسول سے تمام لوگوں سے زیادہ محبت کرتا ہو (ii) جو بندے سے صرف اللہ کے لیے محبت کرے (iii) جو کفر میں لوٹ جانے کو ایسا برا جانے جیسے آگ میں ڈالے جانے کو اس حال میں کہ اللہ نے اس کو اس سے

Scanned with CamScanner

M T W T F S Date: __/__/__

بچا لیا ہو۔

س 7۔ ایسی کون سی چیزیں ہیں جو عورتوں میں مردوں کی بنسبت کم ہوتی ہیں؟

ج۔ (1) دین میں کمی (2) عقل میں کمی۔

ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی ایک جماعت پر گزرے تو انہوں نے سوال کیا کہ ہمارے دین و عقل میں کمی کیوں ہے فرمایا کہ عورت کی گواہی مرد کی گواہی سے آدھی ہے یہ ان کی عقل میں کمی اور عورت حالت حیض میں روزہ اور نماز ادا نہیں کر سکتی یہ ان کے دین میں کمی ہے۔

س 8۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ بندے پر اللہ کا اور اللہ پر بندے کا کیا حق ہے؟

ج۔ بندوں پر اللہ کا حق یہ ہے کہ اس کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔

اللہ پر بندوں کا حق یہ ہے کہ جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو تو اسے عذاب نہ دے۔

س 9۔ حدیث شریف میں وہ کون سی چیز بتائی گئی جس کے سبب لوگ اوندھے منہ جہنم میں جائیں گے؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک پکڑ کر فرمایا کہ اسے روکو۔ تو صحابی نے پوچھا کہ کیا زبانی گفتگو پر بھی ہماری پکڑ ہوگی۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیری ماں تیرے پہ روئے اے معاذ لوگوں کو اوندھے منہ آگ میں نہیں گراتی مگر زبانوں کی کٹوتی۔

س 10۔ کس شخص کے بارے میں حدیث پاک میں فرمایا کہ اس نے اپنا ایمان کامل کر لیا؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ کے لیے بغض رکھا اور اللہ کے لیے دیا اور اللہ کے لیے روکا تو تحقیق اس نے اپنا ایمان کامل کر لیا۔

س 11۔ امانت اور وعدے کی پابندی کی اہمیت حدیث سے واضح کریں؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو امین نہیں اس کا ایمان نہیں جو پابند وعدہ نہیں اس کا دین نہیں"

س 12۔ حدیث شریف میں جنت کی چابی کس چیز کو کہا گیا؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کی چابی کلمہ شہادت ہے کہ رب کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور ایک اور حدیث میں کلمہ شہادت کو چابی کی ڈنڈی اور باقی ارکان کو چابی کے دندانے کہا گیا ہے۔

س 13۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ کون سا اسلام، کون سا ایمان، کون سی

Scanned with CamScanner

M T W T F S Date: __/__/____

نماز اور کون سی سجدہ افضل ہے؟

ج۔ حضرت عمرو بن عبسہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جس کا مفہوم یہ ہے کہ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اسلام کیا ہے فرمایا "اچھی بات کرنا اور کھانا کھلانا" پھر پوچھا ایمان کیا ہے فرمایا "صبر اور سخاوت" پھر پوچھا کون سا اسلام بہتر ہے فرمایا "جس کی زبان و ہاتھ سے مسلمان سلامت رہیں" پھر پوچھا کہ کون سا ایمان افضل ہے فرمایا "اچھی عادات" پھر پوچھا کون سی نماز افضل ہے فرمایا "لمبا قیام" پھر پوچھا کون سی سجدہ افضل ہے فرمایا "جو رب کو ناپسند کرے اسے چھوڑ دو۔"

س ۱۴۔ یہ بتائیں کہ کون سا جہاد اور کون سی گھڑی افضل ہے؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سا جہاد بہتر ہے فرمایا "جس کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور اس کا خون بہا دیا جائے۔" پھر پوچھا گیا کہ کون سی گھڑی افضل ہے فرمایا "آخری رات کا درمیانی حصہ۔"

س ۱۵۔ حدیث شریف میں کون کون سے گناہوں کو کبیرہ گناہ کہا گیا؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سا گناہ بہت بڑا ہے تو فرمایا کہ "تم اللہ کا شریک ٹھہراؤ حالانکہ اس نے تمہیں پیدا کیا، اپنی اولاد کو اس ڈر سے مار ڈالو کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے اور یہ کہ اپنی پڑوسی کی بیوی سے زنا کرو"۔ نیز ایک حدیث میں جادو، سود خور، یتیم کا مال کھانا کو بھی کبیرہ گناہ کہا گیا۔

* نیز ماں باپ کی نافرمانی، جان کا قتل اور جھوٹی قسم کو بھی کبیرہ گناہ میں سے فرمایا گیا ہے۔

* جہاد کے دن پیٹھ پھیرنا، پاکدامن عورتوں پر بہتان لگانا بھی کبیرہ گناہ ہیں۔

س ۱۶۔ منافق کی نشانیاں بیان کریں؟

ج۔ حدیث شریف میں فرمایا گیا کہ جس میں چار خصلتیں ہوں گی وہ نرا منافق ہے۔

(1) امانت دی جائے تو خیانت کرے (2) بات کرے تو جھوٹ بولے

(3) وعدہ خلافی کرنا (4) لڑائی کے وقت گالیاں دینا۔

س 17۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو کتنی اور کون کون سی چیزوں کی وصیت کی؟

ج۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۰ چیزوں کی وصیت فرمائی۔

(1) اللہ کے علاوہ کسی کو شریک نہ مانو (2) ماں باپ کی نافرمانی نہ کرو

(3) فرض نماز عمداً ہرگز نہ چھوڑو (4) شراب ہرگز نہ پیو

(5) گناہ سے اپنے آپ کو بچاؤ (6) جہاد سے بھاگ جانے سے بچو

(7) جب لوگوں میں وبائی مرض پھیلے تو ثابت قدم رہو (8) اپنے بچوں پر اپنی کمائی سے خرچ کرو (9) اپنی بیوی بچوں کے حالات پر نگاہ رکھو

Scanned with CamScanner

M T W T F S Date: __/__/__

(۱۵) بیوی بچوں کو اللہ سے ڈراؤ۔

س ۱۸۔ حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ کس چیز کو صریح ایمان کہا گیا ہے۔
ج۔ دلوں میں ایسے خیالات محسوس کرنا کہ جن کو بیان کرنا کبیرہ گناہ معلوم ہوتا ہو تو یہ کھلا ہوا ایمان ہے۔

س ۱۹۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وسوسہ کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟
ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "میری امت سے ان کے دلی خیالات میں درگزر فرما دی گئی ہے جب تک وہ کلام یا وہ کام نہ کر لیں۔"

س ۲۰۔ وہ کون سے اشخاص ہیں کہ جن کو ولادت کے وقت شیطان نے چھو یا؟
ج۔ (۱) حضرت مریم علیہ السلام (۲) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

س ۲۱۔ خنزب کسے کہتے ہیں؟
ج۔ یہ وہ شیطان ہے جو نمازیوں پر ان کی نماز مشتبہ کر دیتا ہے۔

س ۲۲۔ اللہ عزوجل نے مخلوق کی تقدیریں کب لکھیں؟
ج۔ اللہ عزوجل نے مخلوق کی تقدیریں آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش سے 50 ہزار سال پہلے لکھیں۔

س ۲۳۔ حضرت آدم و موسیٰ علیہ السلام کے درمیان ہونے والا مناظرہ تحریر کریں؟
ج۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ وہی آدم علیہ السلام ہیں کہ جن کو اللہ نے اپنے دست قدرت سے پیدا کیا اور آپ میں اپنی روح پھونکی اور فرشتوں سے سجدہ کروایا پھر جنت میں رکھا اور پھر آپ نے اپنی لغزش کی وجہ سے لوگوں کو زمین پر اتروا دیا۔ اس پر حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ وہی موسیٰ ہیں کہ جن کو اللہ نے خاص قرب عطا کیا تختیاں دیں اور ہم کلامی کا شرف بخشا فرمایئے کہ آپ نے میری پیدائش سے کتنے پہلے توریت کو پایا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا ۴۰ سال پہلے تو اس پر حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا کیا آپ نے اس میں یہ پایا کہ "آدم نے اپنے رب کی فرمانبرداری سے لغزش کی تو کامیاب نہ ہوا" تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا "ہاں" تو اس پر آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ اس لغزش کی وجہ سے مجھ پر ملامت کر رہے ہیں جس کو ۴۰ سال پہلے لکھا جا چکا ہے۔

س ۲۴۔ فرشتہ انسان کی پیدائش کے وقت کن کاموں کو لکھتا ہے۔
ج۔ (۱) اس کا کام (۲) اس کی موت
(۳) اس کا رزق (۴) بدبخت ہے یا نیک بخت۔

س ۲۵۔ جسمانی اعضاء کا زنا کیا ہے؟
ج۔ آنکھ کا زنا نظر ہے۔ زبان کا زنا گفتگو کرنا ہے، دل تمنا اور خواہش کرتا ہے اور شرمگاہ اس خواہش کو سچا جھوٹا کرتی ہے۔

M T W T F S    Date: __/__/__

س 26: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن 5 چیزوں کو قیام فرمایا؟

ج: (1) اللہ نہ سوتا ہے اور نہ سونا اس کے لائق ہے۔
(2) رزق جھکاتا یا اٹھاتا ہے (3) اس کی بارگاہ میں رات کے اعمال دن سے پہلے (4) دن کے اعمال رات سے پہلے پیش کیے جاتے ہیں
(5) اللہ کا پردہ نور ہے۔

س 27: کفار کے نابالغ فوت شدہ بچوں کے بارے میں مشہور قول تحریر کریں؟

اس کے بارے میں مختلف قول ہیں لیکن مشہور قول یہی ہے کہ وہ بڑے ہو کر جیسا کام کرتے تو اسی کام جیسا ان کا حساب ہوگا۔

س 28: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دل کی مثال کس چیز سے دی؟

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دل کی مثال اس پر کی سی ہے جو میدانی زمین میں ہو جسے ہوائیں الٹ پلٹ کرتی رہیں۔

س 29: وہ کون سی 4 باتیں ہیں کہ جن پر ایمان لانا مومن کے لیے ضروری ہے؟

ج: (1) گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ (2) اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ بھیجا
(3) موت پر اور اس موت کے بعد زندہ اٹھائے جانے پر
(4) تقدیر پر۔

س 30: وہ کون سے دو گروہ ہیں جن کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں نیز یہ بتائیں کہ تقدیر کے منکروں کو دنیا میں کونسا عذاب دیا جائے گا؟

ج: (1) مرجیہ (2) قدریہ
تقدیر کے منکروں کو دنیا میں دو قسم کا عذاب دیا جائے گا۔
(1) دھنسنا (2) صورتیں بگڑنا

س 31: وہ کون سے چھ آدمی ہیں جن پر اللہ اور اس کے رسول نے لعنت کی؟

ج: (1) کتاب اللہ میں زیادتی کرنے والا (2) اللہ کی تقدیر کا انکاری
(3) جبراً قبضہ جمانے والا (4) اللہ کے حرام کو حلال سمجھنے والا
(5) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کے متعلق وہ باتیں حلال سمجھنے والا جنہیں اللہ نے حرام کیا
(6) سنت کو چھوڑنے والا

س 32: اللہ عزوجل بندے کے متعلق کتنی اور کون کونسی چیزوں کا فیصلہ فرما چکا؟

ج: اللہ عزوجل بندے کے متعلق 5 چیزوں کا فیصلہ فرما چکا ہے۔
(1) موت کا (2) عمل کا (3) اس کی قرار کا
(4) اس کی رہائش کا (5) اسکے رزق کا۔

س 33: حضرت آدم علیہ السلام کی عمر مبارک کتنی تھی اور انہوں نے اپنی عمر میں سے کتنا حصہ کس کو دیا؟

Scanned with CamScanner

M T W T F S                                                    Date: __/__/____

حضرت آدم علیہ السلام کی عمر 1000 سال تھی انہوں نے اپنی عمر میں سے 40 سال حضرت داؤد علیہ السلام کو دے دیے۔ پھر حضرت داؤد علیہ السلام کی عمر 100 سال ہو گئی۔

س 34۔ اللہ عزوجل نے پشت آدم سے کس جگہ پر عہد لیا؟

عرفات میں۔

س 35۔ قبر میں سوالات کرنے والے فرشتوں کو کیا کہتے ہیں نیز ان کی صورت بھی بیان کریں۔

ج۔ قبر میں دو سیاہ رنگ نیلی آنکھوں والے فرشتے آتے ہیں ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر کہتے ہیں۔

س 36۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قبر پر رونے کی کیا وجہ بیان فرمائی؟

ج۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "کہ قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے اگر اس سے نجات پا گیا تو بعد والی منزلیں اس سے آسان تر ہیں اور اگر اس سے ہی نجات نہ پائی تو بعد والی منزلیں اس سے سخت ہیں"

س 37۔ کافر پر اس کی قبر میں کتنے سانپ مسلط کیے جائیں گے؟

ج۔ کافر پر اس کی قبر میں 99 سانپ مسلط کیے جائیں گے اور ایک روایت میں 70 سانپوں کا بھی ذکر ہے۔

س 38۔ حدیث شریف میں عصر کی نماز کی فضیلت کیا بیان کی گئی؟

ج۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جب میت کو قبر میں داخل کیا جاتا ہے تو اس کو سورج ڈوبتا ہوا معلوم ہوتا ہے تو وہ آنکھیں ملتا ہوا بیٹھتا ہے اور کہتا ہے مجھے چھوڑ دو میں نماز پڑھ لوں"!

س 39۔ حدیث شریف میں کس بات کو بہترین بات اور کس طریقہ کو بہترین طریقہ کہا گیا ہے؟

ج۔ حدیث شریف میں بہترین بات اللہ کی کتاب کو بہترین طریقہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقہ کو کہا گیا ہے۔

س 40۔ اللہ کی بارگاہ میں ناپسند ترین شخص کون سے ہیں؟

ج۔ (1) حرم میں بے دینی کرنے والا (2) اسلام میں جاہلیت کے طریقے کا متلاشی (3) مسلمانوں کو ناحق قتل کرنے والا۔

س 41۔ حدیث میں کس مسلمان کو بڑا مجرم کہا گیا ہے؟

ج۔ وہ کہ جو کسی غیر حرام چیز کے بارے میں پوچھ گچھ کرے پھر اس کے سوال کرنے سے وہ چیز حرام قرار دی جائے۔

س 42۔ وہ کونسا شخص ہے جس کو سو شہیدوں کا ثواب ملے گا؟

Scanned with CamScanner

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے میری امت کے بگڑتے وقت میری سنت کو مضبوطی سے پکڑ رکھا اس کو 100 شہیدوں کا ثواب ہے"

س 43: قرآن کتنی اور کون کونسی قسموں پر اترا؟

ج: قرآن 5 قسموں پر اترا۔

(1) حلال (2) حرام (3) محکم (4) متشابہ (5) مثالیں

س 44: رشک کن دو چیزوں میں جائز ہے؟

ج: (1) جسے اللہ نے مال دیا تو وہ اسے اچھی جگہ پر لگا دے

(2) جسے اللہ نے علم دیا تو وہ اس سے فیصلے کرے اور لوگوں کو سکھائے۔

س 45: آدمی کے وہ کون سے اعمال ہیں جو مرنے کے بعد بھی ختم نہیں ہوتے؟

ج: (1) صدقہ جاریہ (2) وہ علم جس سے نفع پہنچتا رہے۔

(3) نیک بچہ جو اس کے لیے دعا کرے۔

س 46: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انداز گفتگو کیسا تھا؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی لفظ بولتے تو اسے تین بار دہراتے تاکہ سمجھ لیا جائے۔
ایک روایت میں مذکور ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کلام فرماتے تو ایسے فرماتے کہ سننے والا اگر چاہتا تو آپ کے الفاظوں کو گن لیتا۔

س 47: طالب علم کے متعلق حدیث میں کیا کیا فضیلتیں بتائی گئیں ہیں؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو تلاش علم کرتے ہوئے کوئی راہ طے کرے تو اللہ اسے بہشت کے راہوں سے کوئی راہ چلائے گا۔ اور بے شک فرشتے طالب علم کے لیے اپنے پروں کو بچھاتے ہیں۔
طالب علم کے لیے آسمانوں اور زمین کی چیزیں اور پانی میں مچھلیاں دعائے مغفرت کرتی ہیں۔
عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسے چودھویں کے چاند کی فضیلت سارے تاروں پر۔
علماء انبیاء کے وارث ہیں۔ ایک فقیہ عالم ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے

س 48: وہ کون سی دو خصلتیں ہیں جو منافق میں جمع نہیں ہوتیں؟

ج: (1) اچھے اخلاق (2) دینی فقہ

س 49: وہ کون سا طالب علم ہے جسے اللہ آگ میں داخل کرے گا؟

ج: جو اس لیے علم طلب کرے تاکہ علماء کا مقابلہ کرے یا جہلاء سے جھگڑے یا لوگوں کی توجہ اپنی طرف کرے تو اسے اللہ آگ میں داخل کرے گا۔

س 50: وہ کون ہے جو جنت کی خوشبو نہ پا سکے گا؟

ج: جو اس لیے علم سیکھے تاکہ اس سے دنیاوی سازو سامان خریدے تو وہ جنت کی

Scanned with CamScanner

M T W T F S    Date: __/__/__

وہ شرمندہ نہ ہو سکے گا۔

س 51: حدیث شریف کی روشنی میں بتائیں کہ علم کتنے ہیں اور کون کونسے ہیں؟

ج: علم تین ہیں۔

(1) ظاہر آیتیں    (2) ثابت و محفوظ سنت

اجماع امت اور قیاس جو ان دونوں جیسے ہیں۔

س 52: حدیث شریف میں کس شخص کو بڑا سخی کہا گیا ہے؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے بڑا سخی اللہ ہے پھر میں بڑا اور میرے بعد وہ شخص ہے جو علم سیکھے اور پھر اسے پھیلائے۔

س 53: علم کی آفت اور بربادی کیا ہے؟

ج: علم کی آفت بھول جانا اور اس کی بربادی یہ ہے کہ اسے نااہل پر بیان کرنا۔

س 54: اسلام کو کیا چیز ڈھاتی ہے؟

ج: (1) عالم کی لغزش    (2) منافق کا قرآن میں جھگڑنا

(3) گمراہ کن سرداروں کی حکومت

س 55: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس علم کے بارے میں کیا فرمایا جس سے نفع نہ حاصل کیا جائے؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس علم سے نفع نہ اٹھایا جائے اس کی مثال اس خزانہ کی طرح ہے جس سے اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے۔

سید عادل المدنی

معاون: مغیث احمد رضا عطاری

تمت بالخیر

Scanned with CamScanner